مضمون مغربی دنیا کے علمی جرائد میں شائع ہوتا رہتا ہے۔ ایک مستشرق شیولر جونز (Schuyler Jones) نے نورستان (افغانستان) اور چترال کی کالاش برادری کے بارے میں ۱۹۶۶ء میں ایک توضیحی کتابیات مرتب کی تو اس میں کم و بیش تین سو کتب و مقالات کی نشاندہی کی۔ بعد ازاں کتابیات کا دوسرا حصہ بھی شائع ہوا۔

پاکستان : کیتھولک چرچ - اعداد و شمار

[حالیہ مردم شماری کے نتائج ابھی سامنے نہیں آئے، تاہم مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے مختلف طبقے اپنے بارے میں اعداد و شمار پیش کرتے رہتے ہیں۔ ۱۹ اپریل ۱۹۹۸ء کے "دی کرسچین وائس" میں کیتھولک چرچ کے بارے میں حسبِ ذیل تقابلی جدول شائع ہوا ہے۔ مدیر]

	۱۹۷۳ء	۱۹۹۸ء	اضافہ
پیرش (حلقے)	۷۶	۱۰۷	۴۰ء۸ فیصد
ڈایوسیس پادری	۶۷	۱۳۷	۱۰۵ء۵ فیصد
مذہبی پادری	۱۶۲	۱۲۹	-۲۰ فیصد
برادران	۷۱	۳۲	-۵۵ فیصد
خواہران	۵۸۵	۷۲۳	۲۳ء۶ فیصد
کیتھولک آبادی	۳۴۴۲۰۰	۱۰۱۷۰۰۰	۱۹۵ء۶ فیصد
کل آبادی	۴۵۰۰۰۰۰۰	۱۳۰۰۰۰۰۰۰	۱۸۳ء۸ فیصد

قانون توہین رسالت پر امریکی کانگرس کمیٹی رپورٹ -- ممکنہ ترمیمات

[مسیحی جریدے "ہم سخن" (لاہور) نے "قانون توہینِ رسالت" کے خلاف امریکی کانگرس کمیٹی کی رپورٹ میں اٹھائے گئے اعتراضات پر عمانویل ظفر کا مندرجہ ذیل نقطہ نظر بطور "اداریہ" شائع کیا ہے۔ "ہم سخن" کا یہ "اداریہ" کتابت کی اغلاط درست کرتے ہوئے ذیل میں معاصر مذکور کے شکریے کے ساتھ نقل کیا جاتا ہے۔